2018 年 9 月 17 日ジャング紙ラホール版 16 面

گورنر ہاؤس لاہور عوام کیلئے کھل گیا، سیر کیلئے آنیوالوں کا رش

شہریوں کی چڑیا گھر، آبشار، مصنوعی جھیل، دیوان خاص، بارہ دری کی سیر اور سیلفیاں

لاہور (نمائندہ خصوصی) تحریک انصاف کی حکومت نے سندھ کے بعد پنجاب کے گورنر ہاؤس کے دروازے بھی عوام کیلئے کھول دیئے، سیر کیلئے آنیوالوں کا تانتا بندھ گیا۔ تعطیل کے روز بڑی تعداد میں شہری گورنر ہاؤس پہنچے اور وسیع و عریض رقبے پر پھیلی عمارت کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔ بعض خاندان دوپہر کا کھانا بھی ہمراہ لائے اور گورنر ہاؤس کے وسیع و عریض لان میں بیٹھ کر لطف اٹھایا۔ صوبائی وزراء کی جانب سے گورنر ہاؤس آنے والوں کو خوش آمدید کہا گیا۔ اس سے قبل شہری مقررہ وقت سے پہلے ہی اپنی فیملیز کے ہمراہ گورنر ہاؤس کے باہر جمع ہونا شروع ہو گئے اور طویل قطار لگ گئی جنہیں 10 بجتے ہی گورنر ہاؤس کے کشمیر روڈ پر واقع دروازے سے شناختی کارڈ دیکھنے کے بعد اندر داخل ہونے کی اجازت دیدی گئی۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ میاں محمود الرشید اور صوبائی وزیر صنعت میاں اسلم اقبال بھی گورنر ہاؤس آئے اور شہریوں کو خوش آمدید کہا۔ شہریوں نے چڑیا گھر، آبشار، مصنوعی جھیل، دیوان خاص، بارہ دری، لان اور پہاڑی کی خوبصورتی کی تعریف کی اور تصاویر اور سیلفیاں بھی بناتے رہے۔ خواتین کا کہنا تھا کہ یہ ایک محفوظ جگہ ہے تاہم داخلے کے مرحلے کو آسان کیا جائے تا کہ لوگوں کو قطاروں میں نہ کھڑا ہونا پڑے۔ شہریوں کے دورے کے موقع پر ان کی رہنمائی اور سکیورٹی کے لئے گورنر ہاؤس کا عملہ اور پولیس کی بھاری نفری بھی تعینات کی گئی تھی جبکہ انتظامیہ کی جانب سے ہدایت کی گئی کہ شہری غیر متعلقہ چیزوں کو نہ چھوئیں، ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں سے تعاون کریں اور گورنر ہاؤس کی املاک کو نقصان پہنچانے سے گریز کریں۔